© rasailojaraid.com



تنتظرکم ایھا العرب" سامنے آیا ہے۔ اور بھی اسکے علاوہ "کاروانِ زندگی" کا ساتواں حصہ بھی سامنے آگیا ہے اور آج ہی حضرت مدظلہ کی عظیم روحانی، عبقری علمی شخصیت پر "میر کارواں" کے نام سے مولانا ڈاکٹر عبداللہ عباس ندوی صاحب مدظلہ کی تصنیف سامنے آئی ہے۔ مکتبہ ندویہ، ندوۃ العلماء لکھنو سے وہ حاصل کی جا سکتی ہے۔ باقی حالات لائق شکر ہیں، حضرت والد صاحب کی خدمت میں ناچیز راقم کا سلام پہونچا کر ممنون کریں۔ والسلام طالب دعا محمود حسن حسنی

---

برادرم مکرم حضرت مولانا راشد الحق سمیع حقانی صاحب۔ دامت برکاتکم العالیۃ

السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ، الحمد للہ آپ کے اداریے روز بروز نئے انداز اور حقائق پر مبنی ہوتے ہیں اور حضرت اقدس سیدی واستاذی المکرم شیخ الحدیث قائد جمعیۃ مولانا سمیع الحق صاحب مدظلہ العالی کے اداریوں کی یاد دلاتا رہتا ہے۔ اور الحمد للہ آپ کا قلم بھی الولد سر لابیہ کے مصداق عہد حاضر کے مسائل ملکی ملی سیاسی اور تاریخی واقعات پر بے لاگ تبصرے لکھتا رہتا ہے اور آپ شریر برادران کو علماء طلباء اور مجاہدین دشمنی سے باز رہنے کے مشورے وقتاً فوقتاً دیتے رہے لیکن افسوس کہ وہ باز نہ آئے اور مکافات عمل کا شکار ہو گئے ---- دو تین شماروں میں حضرت اقدس مولانا صاحب، مدظلہ العالی کی درس حدیث (درس ترمذی) کا مضمون پھر شروع ہو گیا ہے یہ سلسلہ ہمیں حضرت الاستاذ المکرم کے علوم سے مستفید اور مستفیض ہونے کا موقع فراہم کرتا ہے۔ بندہ اس مبارک سلسلہ کے شروع کرنے پر آپ کو مبارکباد پیش کرتا ہے۔ آئندہ کیلئے اس مبارک درس سے کوئی شمارہ خالی نہ رہے۔ اکیسویں صدی اور عالم اسلام کے چیلنجز پر ضخیم نمبر نکالنے پر بندہ پیشگی مبارکباد پیش کرتا ہے۔ مادر علمی کی طرف سے عالم اسلام کی عبقری شخصیت مولا محمد عمر مجاہد اسلام مدظلہ العالی کو اعزازی سند جاری کرنے پر امیر المومنین صاحب کو مبارکباد پیش کرتا ہوں۔ یہ مادر علمی کا بہت اچھا فیصلہ ہے۔ والسلام

(مولانا) ایاز احمد حقانی مہتمم

جامعۃ الاسلامیہ الفریدیہ، شب قدر فورٹ، چارسدہ

© rasailojaraid.com